37 As-Saffat

الصافات

Those who set the Ranks · Meccan · 182 verses · Para 23

AS-SAFFAT (THOSE WHO SET THE RANKS)

1 I swear by those who draw themselves out in ranks
قسم ہے پوری طرح صف باندھنے والوں کی،

2 Then those who drive away with reproof,
پھر بطور کامل جھڑکی دینے والوں کی،

3 Then those who recite, being mindful,
پھر ذکر کی تلاوت کرنے والوں کی،

4 Most surely your Allah is One:
یقینا تمہارا معبود ایک ہی ہے۔

5 The Lord of the heavens and the earth and what is between them, and Lord of the easts.
جو آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان کے درمیان ہے سب کا رب اور مشرقوں کا رب ہے۔

6 Surely We have adorned the nearest heaven with an adornment, the stars,
ہم نے آسمان دنیا کو ستاروں کی زینت سے مزین کیا،

7 And (there is) a safeguard against every rebellious Shaitan.
اور ہر سرکش شیطان سے بچاؤ کا ذریعہ بھی،

8 They cannot listen to the exalted assembly and they are thrown at from every side,
کہ وہ عالم بالا کی طرف کان نہ لگا سکیں اور ہر طرف سے ان پر (انگارے) پھینکے جاتے ہیں۔

9 Being driven off, and for them is a perpetual chastisement,
دھتکارے جاتے ہیں اور ان پر دائمی عذاب ہے ۔

الصافات AS-SAFFAT (THOSE WHO SET THE RANKS)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ۙ﴿۱﴾ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ۙ﴿۲﴾ فَالتّٰلِيٰتِ
ذِكْرًا ۙ﴿۳﴾ اِنَّ اِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ؕ﴿۴﴾ رَبُّ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ؕ﴿۵﴾ اِنَّا زَيَّنَّا
السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِزِيْنَةِ ۨالْكَوَاكِبِ ۙ﴿۶﴾ وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ
شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ۚ﴿۷﴾ لَّا يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى
وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ۖ﴿۸﴾ دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ
وَّاصِبٌ ۙ﴿۹﴾

AS-SAFFAT (THOSE WHO SET THE RANKS) · CONTINUED

10 Except him who snatches off but once, then there follows him a brightly shining flame.
مگر ان میں سے جو کسی بات کو اچک لے تو ایک تیز شعلہ اس کا پیچھا کرتا ہے۔

11 Then ask them whether they are stronger in creation or those (others) whom We have created. Surely We created them of firm clay.
تو ان سے پوچھ لیجیے کہ کیا ان کا پیدا کرنا مشکل ہے یا وہ جنہیں ہم نے (ان کے علاوہ) خلق کیا ہے؟ ہم نے انہیں لیسدار گارے سے پیدا کیا۔

12 Nay! you wonder while they mock,
بلکہ آپ تعجب کر رہے ہیں اور یہ لوگ تمسخر کرتے ہیں۔

13 And when they are reminded, they mind not,
اور جب انہیں نصیحت کی جاتی ہے تو نصیحت نہیں مانتے۔

14 And when they see a sign they incite one another to scoff,
اور جب کوئی نشانی دیکھتے ہیں تو اس کا مذاق اڑاتے ہیں۔

15 And they say: This is nothing but clear magic:
اور کہتے ہیں: یہ تو ایک کھلا جادو ہے۔

16 What! when we are dead and have become dust and bones, shall we then certainly be raised,
کیا جب ہم مر چکیں گے اور خاک اور ہڈیاں ہو جائیں گے تو کیا ہم (دوبارہ) اٹھائے جائیں گے ؟

17 Or our fathers of yore?
کیا ہمارے اگلے باپ دادا بھی (اٹھائے جائیں گے)؟

18 Say: Aye! and you shall be abject.
کہدیجئے:ہاں اور تم ذلیل کر کے (اٹھائے جاؤ گے)۔

الصافات AS-SAFFAT (THOSE WHO SET THE RANKS) cont.

إِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَأَتْبَعَهُ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ﴿١٠﴾
فَاسْتَفْتِهِمْ أَهُمْ أَشَدُّ خَلْقًا أَمْ مَّنْ خَلَقْنَا ۚ إِنَّا
خَلَقْنَاهُم مِّنْ طِينٍ لَّازِبٍ ﴿١١﴾ بَلْ عَجِبْتَ وَيَسْخَرُونَ ۖ
﴿١٢﴾ وَإِذَا ذُكِّرُوا لَا يَذْكُرُونَ ۖ ﴿١٣﴾ وَإِذَا رَأَوْا آيَةً
يَسْتَسْخِرُونَ ۖ ﴿١٤﴾ وَقَالُوا إِنْ هَٰذَا إِلَّا سِحْرٌ مُّبِينٌ ۖ
﴿١٥﴾ أَإِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَعِظَامًا أَإِنَّا لَمَبْعُوثُونَ ۖ
﴿١٦﴾ أَوَآبَاؤُنَا الْأَوَّلُونَ ﴿١٧﴾ قُلْ نَعَمْ وَأَنتُمْ دَاخِرُونَ ۖ
﴿١٨﴾

AS-SAFFAT (THOSE WHO SET THE RANKS) · CONTINUED

19 So it shall only be a single cry, when lo! they shall see.
وہ تو بس ایک جھڑکی ہو گی پھر وہ اپنی آنکھوں سے دیکھیں گے،

20 And they shall say: O woe to us! this is the day of requital.
اور کہیں گے: ہائے ہماری تباہی! یہ تو یوم جزا ہے۔

21 This is the day of the judgment which you called a lie.
یہ فیصلے کا وہ دن ہے جس کی تم تکذیب کرتے تھے۔

22 Gather together those who were unjust and their associates, and what they used to worship
گھیر لاؤ ظلم کا ارتکاب کرنے والوں کو اور ان کے ہم جنسوں کو اور انہیں جن کی یہ پوجا کیا کرتے تھے،

23 Besides Allah, then lead them to the way to hell.
اللہ کو چھوڑ کر۔ پھر انہیں جہنم کے راستے کی طرف ہانکو۔

24 And stop them, for they shall be questioned:
انہیں روکو، ان سے پوچھا جائے گا۔

25 What is the matter with you that you do not help each other?
تمہیں ہوا کیا ہے کہ تم ایک دوسرے کی مدد نہیں کرتے؟

26 Nay! on that day they shall be submissive.
بلکہ آج تو وہ گردنیں جھکائے (کھڑے) ہیں۔

27 And some of them shall advance towards others, questioning each other.
اور وہ ایک دوسرے کی طرف رخ کر کے باہم سوال کرتے ہیں۔

الصافات AS-SAFFAT (THOSE WHO SET THE RANKS) cont.

فَاِنَّمَا هِیَ زَجۡرَةٌ وَّاحِدَةٌ فَاِذَا هُمۡ یَنۡظُرُوۡنَ ﴿۱۹﴾ وَقَالُوۡا
یٰوَیۡلَنَا هٰذَا یَوۡمُ الدِّیۡنِ ﴿۲۰﴾ هٰذَا یَوۡمُ الۡفَصۡلِ الَّذِیۡ
کُنۡتُمۡ بِهٖ تُکَذِّبُوۡنَ ﴿۲۱﴾ اُحۡشُرُوا الَّذِیۡنَ ظَلَمُوۡا
وَاَزۡوَاجَهُمۡ وَمَا کَانُوۡا یَعۡبُدُوۡنَ ۙ﴿۲۲﴾ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ
فَاهۡدُوۡهُمۡ اِلٰی صِرَاطِ الۡجَحِیۡمِ ﴿۲۳﴾ وَقِفُوۡهُمۡ اِنَّهُمۡ
مَّسۡـُٔوۡلُوۡنَ ﴿۲۴﴾ مَا لَـکُمۡ لَا تَنَاصَرُوۡنَ ﴿۲۵﴾ بَلۡ هُمُ
الۡیَوۡمَ مُسۡتَسۡلِمُوۡنَ ﴿۲۶﴾ وَاَقۡبَلَ بَعۡضُهُمۡ عَلٰی بَعۡضٍ
یَّتَسَآءَلُوۡنَ ﴿۲۷﴾

AS-SAFFAT (THOSE WHO SET THE RANKS) · CONTINUED

28 They shall say: Surely you used to come to us from the right side.
کہتے ہیں: تم ہمارے پاس طاقت سے آتے تھے۔

29 They shall say: Nay, you (yourselves) were not believers;
وہ کہیں گے: بلکہ تم خود ایمان لانے والے نہ تھے،

30 And we had no authority over you, but you were an inordinate people;
ورنہ ہمارا تم پر کوئی زور نہ تھا بلکہ تم خود سرکش لوگ تھے۔

31 So the sentence of our Lord has come to pass against us: (now) we shall surely taste;
پس ہمارے بارے میں ہمارے رب کا فیصلہ حتمی ہو گیا، اب ہم (عذاب) چکھیں گے۔

32 So we led you astray, for we ourselves were erring.
پس ہم نے تمہیں گمراہ کیا جب کہ ہم خود بھی گمراہ تھے۔

33 So they shall on that day be sharers in the chastisement one with another.
تو اس دن وہ سب کے سب عذاب میں شریک ہوں گے۔

34 Surely thus do We deal with the guilty.
ہم مجرموں کے ساتھ یقینا ایسا ہی کیا کرتے ہیں۔

35 Surely they used to behave proudly when it was said to them: There is no god but Allah;
جب ان سے کہا جاتا تھا: اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں تو یہ تکبر کرتے تھے،

36 And to say: What! shall we indeed give up our gods for the sake of a mad poet?
اور کہتے تھے: کیا ہم ایک دیوانے شاعر کی خاطر اپنے معبودوں کو چھوڑ دیں؟

الصافات AS-SAFFAT (THOSE WHO SET THE RANKS) cont.

قَالُوْٓا اِنَّكُمْ كُنْتُمْ تَاْتُوْنَنَا عَنِ الْيَمِيْنِ ﴿٢٨﴾ قَالُوْا بَلْ
لَّمْ تَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿٢٩﴾ وَمَا كَانَ لَنَا عَلَيْكُمْ مِّنْ
سُلْطٰنٍ ۚ بَلْ كُنْتُمْ قَوْمًا طٰغِيْنَ ﴿٣٠﴾ فَحَقَّ عَلَيْنَا قَوْلُ
رَبِّنَآ ۖ اِنَّا لَذَآىِٕقُوْنَ ﴿٣١﴾ فَاَغْوَيْنٰكُمْ اِنَّا كُنَّا غٰوِيْنَ ﴿٣٢﴾
فَاِنَّهُمْ يَوْمَىِٕذٍ فِي الْعَذَابِ مُشْتَرِكُوْنَ ﴿٣٣﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ
نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِيْنَ ﴿٣٤﴾ اِنَّهُمْ كَانُوْٓا اِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَآ
اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ۙ يَسْتَكْبِرُوْنَ ۙ ﴿٣٥﴾ وَيَقُوْلُوْنَ اَىِٕنَّا لَتٰرِكُوْٓا
اٰلِهَتِنَا لِشَاعِرٍ مَّجْنُوْنٍ ۭ ﴿٣٦﴾

الصافات AS-SAFFAT (THOSE WHO SET THE RANKS) cont.

بَلْ جَآءَ بِالْحَقِّ وَصَدَّقَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿٣٧﴾ اِنَّكُمْ لَذَآئِقُوا
الْعَذَابِ الْاَلِيْمِ ﴿٣٨﴾ وَمَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۙ
﴿٣٩﴾ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿٤٠﴾ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ رِزْقٌ
مَّعْلُوْمٌ ﴿٤١﴾ فَوَاكِهُ ۚ وَهُمْ مُّكْرَمُوْنَ ﴿٤٢﴾ فِيْ جَنّٰتِ
النَّعِيْمِ ﴿٤٣﴾ عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿٤٤﴾ يُطَافُ عَلَيْهِمْ
بِكَاْسٍ مِّنْ مَّعِيْنٍ ۙ ﴿٤٥﴾ بَيْضَآءَ لَذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ۖ ﴿٤٦﴾ لَا
فِيْهَا غَوْلٌ وَّلَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُوْنَ ﴿٤٧﴾ وَعِنْدَهُمْ
قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ عِيْنٌ ﴿٤٨﴾

AS-SAFFAT (THOSE WHO SET THE RANKS) · CONTINUED

37 Nay: he has come with the truth and verified the apostles.
(نہیں) بلکہ وہ حق لے کر آئے ہیں اور اس نے رسولوں کی تصدیق کی ہے۔

38 Most surely you will taste the painful punishment.
بتحقیق تم دردناک عذاب چکھنے والے ہو۔

39 And you shall not be rewarded except (for) what you did.
اور تمہیں صرف اس کی جزا ملے گی جو تم کرتے تھے۔

40 Save the servants of Allah, the purified ones.
سوائے اللہ کے مخلص بندوں کے۔

41 For them is a known sustenance,
ان کے لیے ایک معین رزق ہے،

42 Fruits, and they shall be highly honored,
(ہر قسم کے) میوے اور وہ احترام کے ساتھ ہوں گے

43 In gardens of pleasure,
نعمتوں والی جنت میں۔

44 On thrones, facing each other.
وہ تختوں پر ایک دوسرے کے سامنے بیٹھے ہوں گے۔

45 A bowl shall be made to go round them from water running out of springs,
بہتی شراب کے جام ان میں پھرائے جائیں گے،

46 White, delicious to those who drink.
جو چمکتی ہو گی، پینے والوں کے لیے لذیذ ہو گی،

47 There shall be no trouble in it, nor shall they be exhausted therewith.
جس میں نہ سر درد ہو گا اور نہ ہی اس سے ان کی عقل زائل ہو گی۔

48 And with them shall be those who restrain the eyes, having beautiful eyes;
اور ان کے پاس نگاہ نیچے رکھنے والی بڑی آنکھوں والی عورتیں ہوں گی۔

AS-SAFFAT (THOSE WHO SET THE RANKS) · CONTINUED

49 As if they were eggs carefully protected.
گویا کہ وہ محفوظ انڈے ہیں۔

50 Then shall some of them advance to others, questioning each other.
پھر وہ آمنے سامنے بیٹھ کر آپس میں باتیں کریں گے۔

51 A speaker from among them shall say: Surely I had a comrade of mine,
ان میں سے ایک کہنے والا کہے گا: میرا ایک ہم نشین تھا،

52 Who said: What! are you indeed of those who accept (the truth)?
جو (مجھ سے) کہتا تھا: کیا تم (قیامت کی) تصدیق کرنے والوں میں سے ہو ؟

53 What! when we are dead and have become dust and bones, shall we then be certainly brought to judgment?
بھلا جب ہم مر چکیں گے اور مٹی اور ہڈیاں ہو جائیں گے تو کیا ہمیں جزا ملے گی؟

54 He shall say: Will you look on?
ارشاد ہو گا: کیا تم دیکھنا چاہتے ہو؟

55 Then he looked down and saw him in the midst of hell.
پھر اس نے جھانکا تو اسے وسط جہنم میں دیکھے گا۔

56 He shall say: By Allah! you had almost caused me to perish;
کہے گا: قسم بخدا قریب تھا کہ تو مجھے بھی ہلاک کر دے۔

57 And had it not been for the favor of my Lord, I would certainly have been among those brought up.
اور اگر میرے رب کی نعمت نہ ہوتی تو میں بھی (عذاب میں) حاضر کیے جانے والوں میں ہوتا۔

58 Is it then that we are not going to die,
کیا اب ہمیں نہیں مرنا؟

الصافات AS-SAFFAT (THOSE WHO SET THE RANKS) cont.

كَأَنَّهُنَّ بَيْضٌ مَّكْنُونٌ ﴿٤٩﴾ فَأَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ
يَتَسَاءَلُونَ ﴿٥٠﴾ قَالَ قَائِلٌ مِّنْهُمْ إِنِّي كَانَ لِي قَرِينٌ
﴿٥١﴾ يَقُولُ أَئِنَّكَ لَمِنَ الْمُصَدِّقِينَ ﴿٥٢﴾ أَإِذَا مِتْنَا
وَكُنَّا تُرَابًا وَعِظَامًا أَإِنَّا لَمَدِينُونَ ﴿٥٣﴾ قَالَ هَلْ أَنتُم
مُّطَّلِعُونَ ﴿٥٤﴾ فَاطَّلَعَ فَرَآهُ فِي سَوَاءِ الْجَحِيمِ ﴿٥٥﴾ قَالَ
تَاللَّهِ إِن كِدتَّ لَتُرْدِينِ ﴿٥٦﴾ وَلَوْلَا نِعْمَةُ رَبِّي لَكُنتُ
مِنَ الْمُحْضَرِينَ ﴿٥٧﴾ أَفَمَا نَحْنُ بِمَيِّتِينَ ﴿٥٨﴾

الصافات AS-SAFFAT (THOSE WHO SET THE RANKS) cont.

إِلَّا مَوْتَتَنَا الْأُولَىٰ وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِينَ ﴿٥٩﴾ إِنَّ هَٰذَا
لَهُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ﴿٦٠﴾ لِمِثْلِ هَٰذَا فَلْيَعْمَلِ الْعَامِلُونَ
﴿٦١﴾ أَذَٰلِكَ خَيْرٌ نُّزُلًا أَمْ شَجَرَةُ الزَّقُّومِ ﴿٦٢﴾ إِنَّا
جَعَلْنَاهَا فِتْنَةً لِّلظَّالِمِينَ ﴿٦٣﴾ إِنَّهَا شَجَرَةٌ تَخْرُجُ فِي
أَصْلِ الْجَحِيمِ ﴿٦٤﴾ طَلْعُهَا كَأَنَّهُ رُءُوسُ الشَّيَاطِينِ ﴿٦٥﴾
فَإِنَّهُمْ لَآكِلُونَ مِنْهَا فَمَالِئُونَ مِنْهَا الْبُطُونَ ﴿٦٦﴾
ثُمَّ إِنَّ لَهُمْ عَلَيْهَا لَشَوْبًا مِّنْ حَمِيمٍ ﴿٦٧﴾ ثُمَّ إِنَّ
مَرْجِعَهُمْ لَإِلَى الْجَحِيمِ ﴿٦٨﴾ إِنَّهُمْ أَلْفَوْا آبَاءَهُمْ
ضَالِّينَ ﴿٦٩﴾ فَهُمْ عَلَىٰ آثَارِهِمْ يُهْرَعُونَ ﴿٧٠﴾

AS-SAFFAT (THOSE WHO SET THE RANKS) · CONTINUED

59 Except our previous death? And we shall not be chastised?
ہماری پہلی موت کے بعد ہمیں کوئی اور عذاب نہ ہو گا؟

60 Most surely this is the mighty achievement.
یقینا یہ عظیم کامیابی ہے۔

61 For the like of this then let the workers work.
عمل کرنے والوں کو ایسی ہی کامیابی کے لیے عمل کرنا چاہیے۔

62 Is this better as an entertainment or the tree of Zaqqum?
کیا یہ مہمانی اچھی ہے یا زقوم کا درخت؟

63 Surely We have made it to be a trial to the unjust.
ہم نے اسے ظالموں کے لیے ایک آزمائش بنا دیا ہے۔

64 Surely it is a tree that-grows in the bottom of the hell;
یہ ایسا درخت ہے جو جہنم کی تہ سے نکلتا ہے۔

65 Its produce is as it were the heads of the serpents.
اس کے خوشے شیاطین کے سروں جیسے ہیں۔

66 Then most surely they shall eat of it and fill (their) bellies with it.
پھر وہ اس میں سے کھائیں گے اور اس سے پیٹ بھریں گے۔

67 Then most surely they shall have after it to drink of a mixture prepared in boiling water.
پھر ان کے لیے اس پر کھولتا ہوا پانی ملا دیا جائے گا۔

68 Then most surely their return shall be to hell.
پھر ان کا ٹھکانا بہرصورت جہنم ہو گا۔

69 Surely they found their fathers going astray,
بلا شبہ انہوں نے اپنے باپ دادا کو گمراہ پایا۔

70 So in their footsteps they are being hastened on.
پھر وہ ان کے نقش قدم پر دوڑ پڑے۔

AS-SAFFAT (THOSE WHO SET THE RANKS) · CONTINUED

71 And certainly most of the ancients went astray before them,
اور بتحقیق ان سے پہلے اگلوں کی اکثریت گمراہ ہو چکی ہے۔

72 And certainly We sent among them warners.
اور ہم نے ان میں تنبیہ کرنے والے (رسول) بھیجے تھے۔

73 Then see how was the end of those warned,
پھر دیکھو کہ تنبیہ شدگان کا کیا انجام ہوا،

74 Except the servants of Allah, the purified ones.
سوائے اللہ کے مخلص بندوں کے۔

75 And Nuh did certainly call upon Us, and most excellent answerer of prayer are We.
اور نوح نے ہمیں پکارا تو دیکھا کہ ہم کیسے بہترین جواب دینے والے ہیں۔

76 And We delivered him and his followers from the mighty distress.
اور ہم نے انہیں اور ان کے گھر والوں کو عظیم مصیبت سے بچایا۔

77 And We made his offspring the survivors.
اور ان کی نسل کو ہم نے باقی رہنے والوں میں رکھا ۔

78 And We perpetuated to him (praise) among the later generations.
اور ہم نے آنے والوں میں ان کے لیے(ذکر جمیل) باقی رکھا۔

79 Peace and salutation to Nuh among the nations.
تمام عالمین میں نوح پر سلام ہو۔

80 Thus do We surely reward the doers of good.
ہم نیکی کرنے والوں کو ایسے ہی جزا دیتے ہیں۔

الصافات AS-SAFFAT (THOSE WHO SET THE RANKS) cont.

وَلَقَدْ ضَلَّ قَبْلَهُمْ اَكْثَرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٧١﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا
فِيْهِمْ مُّنْذِرِيْنَ ﴿٧٢﴾ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ
الْمُنْذَرِيْنَ ﴿٧٣﴾ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿٧٤﴾ وَلَقَدْ
نَادٰىنَا نُوْحٌ فَلَنِعْمَ الْمُجِيْبُوْنَ ۚ ﴿٧٥﴾ وَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ
مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ۚ ﴿٧٦﴾ وَجَعَلْنَا ذُرِّيَّتَهٗ هُمُ
الْبٰقِيْنَ ۚ ﴿٧٧﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ ۚ ﴿٧٨﴾
سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ فِي الْعٰلَمِيْنَ ﴿٧٩﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي
الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٨٠﴾

AS-SAFFAT (THOSE WHO SET THE RANKS) · CONTINUED

81 Surely he was of Our believing servants.
بے شک وہ ہمارے مومن بندوں میں سے تھے۔

82 Then We drowned the others
پھر ہم نے دوسروں کو غرق کر دیا۔

83 And most surely Ibrahim followed his way.
اور ابراہیم یقینا نوح کے پیروکاروں میں سے تھے۔

84 When he came to his Lord with a free heart,
جب وہ اپنے رب کی بارگاہ میں قلب سلیم لے کر آئے۔

85 When he said to his father and his people: What is it that you worship?
جب انہوں نے اپنے باپ(چچا) اور قوم سے کہا: تم کس کی پوجا کرتے ہو؟

86 A lie-- gods besides Allah-- do you desire?
کیا اللہ کو چھوڑ کر گھڑے ہوئے معبودوں کو چاہتے ہو ؟

87 What is then your idea about the Lord of the worlds?
ربِّ عالم کے بارے میں تمہارا کیا خیال ہے؟

88 Then he looked at the stars, looking up once,
پھر انہوں نے ستاروں پر ایک نظر ڈالی،

89 Then he said: Surely I am sick (of your worshipping these).
اور کہا: میں تو بیمار ہوں۔

90 So they went away from him, turning back.
چنانچہ وہ لوگ انہیں پیچھے چھوڑ گئے ۔

91 Then he turned aside to their gods secretly and said: What! do you not eat?
پھر وہ ان کے معبودوں میں جا گھسے اور کہنے لگے: تم کھاتے کیوں نہیں ہو؟

92 What is the matter with you that you do not speak?
تمہیں کیا ہوا ہے کہ تم بولتے نہیں ہو؟

الصافات AS-SAFFAT (THOSE WHO SET THE RANKS) cont.

اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٨١﴾ ثُمَّ اَغْرَقْنَا الْاٰخَرِيْنَ
﴿٨٢﴾ وَاِنَّ مِنْ شِيْعَتِهٖ لَاِبْرٰهِيْمَ ﴿٨٣﴾ اِذْ جَآءَ رَبَّهٗ
بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ﴿٨٤﴾ اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ مَاذَا تَعْبُدُوْنَ ۚ
﴿٨٥﴾ اَئِفْكًا اٰلِهَةً دُوْنَ اللّٰهِ تُرِيْدُوْنَ ﴿٨٦﴾ فَمَا ظَنُّكُمْ
بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٨٧﴾ فَنَظَرَ نَظْرَةً فِي النُّجُوْمِ ﴿٨٨﴾ فَقَالَ
اِنِّيْ سَقِيْمٌ ﴿٨٩﴾ فَتَوَلَّوْا عَنْهُ مُدْبِرِيْنَ ﴿٩٠﴾ فَرَاغَ اِلٰٓى
اٰلِهَتِهِمْ فَقَالَ اَلَا تَاْكُلُوْنَ ﴿٩١﴾ مَا لَكُمْ لَا تَنْطِقُوْنَ
﴿٩٢﴾

AS-SAFFAT (THOSE WHO SET THE RANKS) · CONTINUED

93 Then he turned against them secretly, smiting them with the right hand.
پھر انہیں پوری طاقت سے مارنے لگے

94 So they (people) advanced towards him, hastening.
تو لوگ دوڑتے ہوئے ان کے پاس آئے۔

95 Said he: What! do you worship what you hew out?
ابراہیم نے کہا: کیا تم اسے پوجتے ہو جسے تم خود تراشتے ہو؟

96 And Allah has created you and what you make.
حالانکہ خود تمہیں اور جو کچھ تم بناتے ہو (سب کو) اللہ نے پیدا کیا ہے۔

97 They said: Build for him a furnace, then cast him into the burning fire.
انہوں نے کہا: اس کے لیے ایک عمارت تیار کرو پھر اسے آگ کے ڈھیر میں پھینک دو۔

98 And they desired a war against him, but We brought them low.
پس انہوں نے اس کے خلاف ایک چال چلنے کا ارادہ کیا لیکن ہم نے انہیں زیر کر دیا۔

99 And he said: Surely I fly to my lord; He will guide me.
اور ابراہیم نے کہا: میں اپنے رب کی طرف جا رہا ہوں وہ مجھے راستہ دکھائے گا

100 My Lord! grant me of the doers of good deeds.
اے میرے رب! مجھے صالحین میں سے (اولاد) عطا کر۔

101 So We gave him the good news of a boy, possessing forbearance.
چنانچہ ہم نے انہیں ایک بردبار بیٹے کی بشارت دی۔

الصافات AS-SAFFAT (THOSE WHO SET THE RANKS) cont.

فَرَاغَ عَلَيْهِمْ ضَرْبًا بِالْيَمِيْنِ ﴿٩٣﴾ فَاَقْبَلُوْٓا اِلَيْهِ يَزِفُّوْنَ
﴿٩٤﴾ قَالَ اَتَعْبُدُوْنَ مَا تَنْحِتُوْنَ ﴿٩٥﴾ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ
وَمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿٩٦﴾ قَالُوا ابْنُوْا لَهٗ بُنْيَانًا فَاَلْقُوْهُ فِى
الْجَحِيْمِ ﴿٩٧﴾ فَاَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَسْفَلِيْنَ
﴿٩٨﴾ وَقَالَ اِنِّىْ ذَاهِبٌ اِلٰى رَبِّىْ سَيَهْدِيْنِ ﴿٩٩﴾ رَبِّ هَبْ
لِىْ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿١٠٠﴾ فَبَشَّرْنٰهُ بِغُلٰمٍ حَلِيْمٍ ﴿١٠١﴾

AS-SAFFAT (THOSE WHO SET THE RANKS) · CONTINUED

102 And when he attained to working with him, he said: O my son! surely I have seen in a dream that I should sacrifice you; consider then what you see. He said: O my father! do what you are commanded; if Allah please, you will find me of the patient ones.

پھر جب وہ ان کے ساتھ کام کاج کی عمر کو پہنچا تو کہا: اے بیٹا! میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ میں تجھے ذبح کر رہا ہوں، پس دیکھ لو تمہاری کیا رائے ہے، اس نے کہا : اے ابا جان آپ کو جو حکم ملا ہے اسے انجام دیں، اللہ نے چاہا تو آپ مجھے صبر کرنے والوں میں پائیں گے۔

103 So when they both submitted and he threw him down upon his forehead,

پس جب دونوں نے (حکم خدا کو) تسلیم کیا اور اسے ماتھے کے بل لٹا دیا،

104 And We called out to him saying: O Ibrahim!

تو ہم نے ندا دی: اے ابراہیم!

105 You have indeed shown the truth of the vision; surely thus do We reward the doers of good:

تو نے خواب سچ کر دکھایا، بے شک ہم نیکوکاروں کو ایسے ہی جزا دیتے ہیں۔

106 Most surely this is a manifest trial.

یقیناً یہ ایک نمایاں امتحان تھا۔

107 And We ransomed him with a Feat sacrifice.

اور ہم نے ایک عظیم قربانی سے اس کا فدیہ دیا ۔

108 And We perpetuated (praise) to him among the later generations.

اور ہم نے آنے والوں میں ان کے لیے (ذکر جمیل) باقی رکھا۔

109 Peace be on Ibrahim.

ابراہیم پر سلام ہو۔

الصافات AS-SAFFAT (THOSE WHO SET THE RANKS) cont.

فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ السَّعْيَ قَالَ يٰبُنَيَّ اِنِّيْٓ اَرٰى فِي الْمَنَامِ اَنِّيْٓ
اَذْبَحُكَ فَانْظُرْ مَاذَا تَرٰى ؕ قَالَ يٰٓاَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ ۫
سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۰۲﴾ فَلَمَّآ اَسْلَمَا
وَتَلَّهٗ لِلْجَبِيْنِ ﴿۱۰۳﴾ وَنَادَيْنٰهُ اَنْ يّٰٓاِبْرٰهِيْمُ ﴿۱۰۴﴾ قَدْ
صَدَّقْتَ الرُّءْيَا ۚ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۰۵﴾ اِنَّ
هٰذَا لَهُوَ الْبَلٰٓؤُا الْمُبِيْنُ ﴿۱۰۶﴾ وَفَدَيْنٰهُ بِذِبْحٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۰۷﴾
وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿۱۰۸﴾ سَلٰمٌ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ﴿۱۰۹﴾

AS-SAFFAT (THOSE WHO SET THE RANKS) · CONTINUED

110 Thus do We reward the doers of good.
ہم نیکو کاروں کو ایسے ہی جزا دیتے ہیں۔

111 Surely he was one of Our believing servants.
یقینا وہ ہمارے مومن بندوں میں سے تھے۔

112 And We gave him the good news of Ishaq, a prophet among the good ones.
اور ہم نے ابراہیم کو اسحاق کی بشارت دی کہ وہ صالحین میں سے نبی ہوں گے۔

113 And We showered Our blessings on him and on Ishaq; and of their offspring are the doers of good, and (also) those who are clearly unjust to their own souls.
اور ہم نے ان پر اور اسحاق پر برکات نازل کیں اور ان دونوں کی اولاد میں نیکی کرنے والا بھی ہے اور اپنے نفس پر صریح ظلم کرنے والا بھی ہے۔

114 And certainly We conferred a favor on Musa and Haroun.
اور بتحقیق موسیٰ اور ہارون پر ہم نے احسان کیا۔

115 And We delivered them both and their people from the mighty distress.
اور ان دونوں کو اور ان دونوں کی قوم کو عظیم مصیبت سے ہم نے نجات دی۔

116 And We helped them, so they were the vanquishers.
اور ہم نے ان کی مدد کی تو وہی غالب آنے والے ہو گئے۔

117 And We gave them both the Book that made (things) clear.
اور ہم نے ان دونوں کو روشن کتاب دی۔

118 And We guided them both on the right way.
اور ان دونوں کو سیدھا راستہ ہم نے دکھایا۔

119 And We perpetuated (praise) to them among the later generations.
اور ہم نے آنے والوں میں ان دونوں کے لیے (ذکر جمیل) باقی رکھا۔

الصافات AS-SAFFAT (THOSE WHO SET THE RANKS) cont.

كَذٰلِكَ نَجْزِى الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١١٠﴾ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا
الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١١١﴾ وَبَشَّرْنٰهُ بِاِسْحٰقَ نَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ
﴿١١٢﴾ وَبٰرَكْنَا عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اِسْحٰقَ ؕ وَ مِنْ ذُرِّيَّتِهِمَا
مُحْسِنٌ وَّظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ مُبِيْنٌ ﴿١١٣﴾ وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلٰى
مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿١١٤﴾ وَنَجَّيْنٰهُمَا وَقَوْمَهُمَا مِنَ الْكَرْبِ
الْعَظِيْمِ ﴿١١٥﴾ وَنَصَرْنٰهُمْ فَكَانُوْا هُمُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿١١٦﴾
وَاٰتَيْنٰهُمَا الْكِتٰبَ الْمُسْتَبِيْنَ ﴿١١٧﴾ وَهَدَيْنٰهُمَا الصِّرَاطَ
الْمُسْتَقِيْمَ ﴿١١٨﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِمَا فِى الْاٰخِرِيْنَ ﴿١١٩﴾

AS-SAFFAT (THOSE WHO SET THE RANKS) · CONTINUED

120 Peace be on Musa and Haroun.
موسیٰ اور ہارون پر سلام ہو۔

121 Even thus do We reward the doers of good.
ہم نیکی کرنے والوں کو ایسے ہی جزا دیتے ہیں۔

122 Surely they were both of Our believing servants.
یہ دونوں ہمارے مومن بندوں میں سے تھے۔

123 And Ilyas was most surely of the apostles.
اور الیاس بھی یقیناً پیغمبروں میں سے تھے۔

124 When he said to his people: Do you not guard (against evil)?
جب انہوں نے اپنی قوم سے کہا: کیا تم اپنا بچاؤ نہیں کرتے؟

125 What! do you call upon Ba'l and forsake the best of the creators,
کیا تم بعل کو پکارتے ہو اور سب سے بہتر خلق کرنے والے کو چھوڑ دیتے ہو؟

126 Allah, your Lord and the Lord of your fathers of yore?
اللہ ہی تمہارا اور تمہارے پہلے باپ دادا کا رب ہے۔

127 But they called him a liar, therefore they shall most surely be brought up.
تو انہوں نے ان کی تکذیب کی پس وہ حاضر کیے جائیں گے،

128 But not the servants of Allah, the purified ones.
سوائے اللہ کے مخلص بندوں کے،

129 And We perpetuated to him (praise) among the later generations.
اور ہم نے آنے والوں میں ان کے لیے (ذکر جمیل) باقی رکھا۔

الصافات AS-SAFFAT (THOSE WHO SET THE RANKS) cont.

سَلٰمٌ عَلٰٓى مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿١٢٠﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِى
الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١٢١﴾ اِنَّهُمَا مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٢٢﴾ وَاِنَّ
اِلْيَاسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٢٣﴾ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اَلَا تَتَّقُوْنَ
﴿١٢٤﴾ اَتَدْعُوْنَ بَعْلًا وَّتَذَرُوْنَ اَحْسَنَ الْخٰلِقِيْنَ ﴿١٢٥﴾ اللّٰهَ
رَبَّكُمْ وَرَبَّ اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿١٢٦﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَاِنَّهُمْ
لَمُحْضَرُوْنَ ﴿١٢٧﴾ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿١٢٨﴾ وَتَرَكْنَا
عَلَيْهِ فِى الْاٰخِرِيْنَ ﴿١٢٩﴾

AS-SAFFAT (THOSE WHO SET THE RANKS) · CONTINUED

130 Peace be on Ilyas.
آل یاسین پر سلام ہو۔

131 Even thus do We reward the doers of good.
ہم نیکی کرنے والوں کو ایسے ہی جزا دیتے ہیں۔

132 Surely he was one of Our believing servants.
بے شک وہ ہمارے مومن بندوں میں سے تھے۔

133 And Lut was most surely of the apostles.
اور لوط بھی یقیناپیغمبروں میں سے تھے

134 When We delivered him and his followers, all--
جب ہم نے انہیں اور ان کے سب گھر والوں کو نجات دی۔

135 Except an old woman (who was) amongst those who tarried.
سوائے ایک بڑھیا کے جو پیچھے رہ جانے والوں میں سے تھی۔

136 Then We destroyed the others.
پھر ہم نے سب کو ہلاک کر دیا۔

137 And most surely you pass by them in the morning,
اور تم دن کو بھی ان (بستیوں) سے گزرتے رہتے ہو،

138 And at night; do you not then understand?
اور رات کو بھی، تو کیا تم عقل سے کام نہیں لیتے؟

139 And Yunus was most surely of the apostles.
اور یونس بھی یقیناپیغمبروں میں سے تھے۔

140 When he ran away to a ship completely laden,
جب وہ بھری ہوئی کشتی کی طرف بھاگے۔

141 So he shared (with them), but was of those who are cast off.
پھر قرعہ ڈالا تو وہ مات کھانے والوں میں سے ہوئے۔

الصافات AS-SAFFAT (THOSE WHO SET THE RANKS) cont.

سَلٰمٌ عَلٰٓى اِلْ يَاسِيْنَ ﴿١٣٠﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِى
الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١٣١﴾ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٣٢﴾ وَاِنَّ
لُوْطًا لَّمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٣٣﴾ اِذْ نَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗٓ اَجْمَعِيْنَ
﴿١٣٤﴾ اِلَّا عَجُوْزًا فِى الْغٰبِرِيْنَ ﴿١٣٥﴾ ثُمَّ دَمَّرْنَا الْاٰخَرِيْنَ
﴿١٣٦﴾ وَاِنَّكُمْ لَتَمُرُّوْنَ عَلَيْهِمْ مُّصْبِحِيْنَ ﴿١٣٧﴾ وَبِالَّيْلِ
اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿١٣٨﴾ وَاِنَّ يُوْنُسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٣٩﴾ اِذْ
اَبَقَ اِلَى الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿١٤٠﴾ فَسَاهَمَ فَكَانَ مِنَ
الْمُدْحَضِيْنَ ﴿١٤١﴾

AS-SAFFAT (THOSE WHO SET THE RANKS) · CONTINUED

142 So the fish swallowed him while he did that for which he blamed himself
پھر مچھلی نے انہیں نگل لیا اور وہ (اپنے آپ کو) ملامت کر رہے تھے۔

143 But had it not been that he was of those who glorify (Us),
پھر اگر وہ تسبیح کرنے والوں میں سے نہ ہوتے،

144 He would certainly have tarried in its belly to the day when they are raised.
تو قیامت تک اس مچھلی کے پیٹ میں رہ جاتے۔

145 Then We cast him on to the vacant surface of the earth while he was sick.
اور ہم نے بیمار حالت میں انہیں چٹیل میدان میں پھینک دیا۔

146 And We caused to grow up for him a gourdplant.
اور ہم نے ان پر کدو کی بیل اگائی۔

147 And We sent him to a hundred thousand, rather they exceeded.
اور ہم نے انہیں ایک لاکھ یا اس سے زائد لوگوں کی طرف بھیجا۔

148 And they believed, so We gave them provision till a time.
پھر وہ ایمان لے آئے تو ہم نے ایک وقت تک انہیں متاع حیات سے نوازا۔

149 Then ask them whether your Lord has daughters and they have sons.
پس آپ ان سے پوچھیں: کیا تمہارے رب کے لیے تو بیٹیاں ہوں اور ان کے لیے بیٹے ہوں؟

150 Or did We create the angels females while they were witnesses?
کیا ہم نے فرشتوں کو جب مؤنث بنایا تو وہ دیکھ رہے تھے ؟

الصافات AS-SAFFAT (THOSE WHO SET THE RANKS) cont.

فَالْتَقَمَهُ الْحُوْتُ وَهُوَ مُلِيْمٌ ﴿١٤٢﴾ فَلَوْلَآ اَنَّهٗ كَانَ مِنَ
الْمُسَبِّحِيْنَ ﴿١٤٣﴾ لَلَبِثَ فِيْ بَطْنِهٖٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿١٤٤﴾
فَنَبَذْنٰهُ بِالْعَرَآءِ وَهُوَ سَقِيْمٌ ﴿١٤٥﴾ وَاَنْۢبَتْنَا عَلَيْهِ شَجَرَةً
مِّنْ يَّقْطِيْنٍ ﴿١٤٦﴾ وَاَرْسَلْنٰهُ اِلٰى مِائَةِ اَلْفٍ اَوْ يَزِيْدُوْنَ ﴿١٤٧﴾
فَاٰمَنُوْا فَمَتَّعْنٰهُمْ اِلٰى حِيْنٍ ﴿١٤٨﴾ فَاسْتَفْتِهِمْ
اَلِرَبِّكَ الْبَنَاتُ وَلَهُمُ الْبَنُوْنَ ﴿١٤٩﴾ اَمْ خَلَقْنَا الْمَلٰٓئِكَةَ
اِنَاثًا وَّهُمْ شٰهِدُوْنَ ﴿١٥٠﴾

AS-SAFFAT (THOSE WHO SET THE RANKS) · CONTINUED

151 Now surely it is of their own lie that they say:
آگاہ رہو! یہ لوگ اپنی طرف سے گھڑ کر کہتے ہیں،

152 Allah has begotten; and most surely they are liars.
کہ اللہ نے اولاد پیدا کی اور یہ لوگ یقینا جھوٹے ہیں۔

153 Has He chosen daughters in preference to sons?
کیا اللہ نے بیٹوں کی جگہ بیٹیوں کو پسند کیا؟

154 What is the matter with you, how is it that you judge?
تمہیں کیا ہو گیا ہے؟ تم کیسے فیصلے کرتے ہو؟

155 Will you not then mind?
کیا تم غور نہیں کرتے؟

156 Or have you a clear authority?
یا تمہارے پاس کوئی واضح دلیل ہے؟

157 Then bring your book, if you are truthful.
پس اپنی کتاب پیش کرو اگر تم سچے ہو۔

158 And they assert a relationship between Him and the jinn; and certainly the jinn do know that they shall surely be brought up;
اور انہوں نے اللہ میں اور جنوں میں رشتہ بنا رکھا ہے، حالانکہ جنات کو علم ہے کہ وہ (اللہ کے سامنے) حاضر کیے جائیں گے۔

159 Glory be to Allah (for freedom) from what they describe;
اللہ ان کے ہر بیان سے پاک ہے،

160 But not so the servants of Allah, the purified ones.
سوائے اللہ کے مخلص بندوں کے (جو ایسی بات منسوب نہیں کرتے)۔

161 So surely you and what you worship,
پس یقینا تم اور جنہیں تم پوجتے ہو،

162 Not against Him can you cause (any) to fall into trial,
سب مل کر اللہ کے خلاف (کسی کو) بہکا نہیں سکتے،

الصافات AS-SAFFAT (THOSE WHO SET THE RANKS) cont.

اَلَاۤ اِنَّهُمۡ مِّنۡ اِفۡكِهِمۡ لَيَقُوۡلُوۡنَ ﴿۱۵۱﴾ وَلَدَ اللّٰهُ ۙ وَاِنَّهُمۡ
لَـكٰذِبُوۡنَ ﴿۱۵۲﴾ اَصۡطَفَى الۡبَنَاتِ عَلَى الۡبَنِيۡنَ ﴿۱۵۳﴾ مَا
لَـكُمۡ ۫ كَيۡفَ تَحۡكُمُوۡنَ ﴿۱۵۴﴾ اَفَلَا تَذَكَّرُوۡنَ ﴿۱۵۵﴾ اَمۡ لَـكُمۡ
سُلۡطٰنٌ مُّبِيۡنٌ ﴿۱۵۶﴾ فَاۡتُوۡا بِكِتٰبِكُمۡ اِنۡ كُنۡتُمۡ صٰدِقِيۡنَ
﴿۱۵۷﴾ وَجَعَلُوۡا بَيۡنَهٗ وَبَيۡنَ الۡجِنَّةِ نَسَبًا ؕ وَلَقَدۡ عَلِمَتِ
الۡجِنَّةُ اِنَّهُمۡ لَمُحۡضَرُوۡنَ ﴿۱۵۸﴾ سُبۡحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُوۡنَ ۙ
﴿۱۵۹﴾ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الۡمُخۡلَصِيۡنَ ﴿۱۶۰﴾ فَاِنَّكُمۡ وَمَا
تَعۡبُدُوۡنَ ﴿۱۶۱﴾ مَاۤ اَنۡـتُمۡ عَلَيۡهِ بِفٰتِنِيۡنَ ﴿۱۶۲﴾

الصافات AS-SAFFAT (THOSE WHO SET THE RANKS) cont.

إِلَّا مَنْ هُوَ صَالِ الْجَحِيمِ ﴿١٦٣﴾ وَمَا مِنَّا إِلَّا لَهُ مَقَامٌ
مَّعْلُومٌ ﴿١٦٤﴾ وَإِنَّا لَنَحْنُ الصَّافُّونَ ﴿١٦٥﴾ وَإِنَّا لَنَحْنُ
الْمُسَبِّحُونَ ﴿١٦٦﴾ وَإِن كَانُوا لَيَقُولُونَ ﴿١٦٧﴾ لَوْ أَنَّ عِندَنَا
ذِكْرًا مِّنَ الْأَوَّلِينَ ﴿١٦٨﴾ لَكُنَّا عِبَادَ اللَّهِ الْمُخْلَصِينَ
﴿١٦٩﴾ فَكَفَرُوا بِهِ فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ ﴿١٧٠﴾ وَلَقَدْ سَبَقَتْ
كَلِمَتُنَا لِعِبَادِنَا الْمُرْسَلِينَ ﴿١٧١﴾ إِنَّهُمْ
الْمَنصُورُونَ ﴿١٧٢﴾ وَإِنَّ جُندَنَا لَهُمُ الْغَالِبُونَ ﴿١٧٣﴾

AS-SAFFAT (THOSE WHO SET THE RANKS) · CONTINUED

163 Save him who will go to hell.
سوائے اس کے جو جہنم میں جھلسنے والا ہے۔

164 And there is none of us but has an assigned place,
اور (ملائکہ کہتے ہیں) ہم میں سے ہر ایک کے لیے مقام مقرر ہے،

165 And most surely we are they who draw themselves out in ranks,
اور ہم ہی صف بستہ رہتے ہیں،

166 And we are most surely they who declare the glory (of Allah).
اور ہم ہی تسبیح کرنے والے ہیں۔

167 And surely they used to say:
اور یہ لوگ کہا تو کرتے تھے:

168 Had we a reminder from those of yore,
اگر ہمارے پاس اگلوں سے کوئی نصیحت آ جاتی،

169 We would certainly have been the servants of Allah--the purified ones.
تو ہم اللہ کے مخلص بندے ہوتے۔

170 But (now) they disbelieve in it, so they will come to know.
لیکن (اب) اس کا انکار کیا لہٰذا عنقریب انہیں معلوم ہو جائے گا۔

171 And certainly Our word has already gone forth in respect of Our servants, the apostles:
اور بتحقیق ہمارے بندگان مرسل سے ہمارا یہ وعدہ ہو چکا ہے۔

172 Most surely they shall be the assisted ones
یقینا وہ مدد کیے جانے والے ہیں،

173 And most surely Our host alone shall be the victorious ones.
اور یقینا ہمارا لشکر ہی غالب آ کر رہے گا۔

AS-SAFFAT (THOSE WHO SET THE RANKS) · CONTINUED

174 Therefore turn away from them till a time,
لہذا آپ ایک مدت تک ان سے منہ پھیر لیں۔

175 And (then) see them, so they too shall see.
اور انہیں دیکھتے رہیں کہ عنقریب یہ خود بھی دیکھ لیں گے۔

176 What! would they then hasten on Our chastisement?
کیا یہ ہمارے عذاب میں عجلت چاہ رہے ہیں؟

177 But when it shall descend in their court, evil shall then be the morning of the warned ones.
پس جب یہ (عذاب) ان کے دالان میں اترے گا تو تنبیہ شدگان کی صبح بہت بری ہو گی۔

178 And turn away from them till a time
اور آپ ایک مدت تک ان سے منہ پھیر لیں۔

179 And (then) see, for they too shall see.
اور دیکھتے رہیں عنقریب یہ خود بھی دیکھ لیں گے۔

180 Glory be to your Lord, the Lord of Honor, above what they describe.
آپ کا رب جو عزت کا رب ہے ان باتوں سے پاک ہے جو یہ بیان کرتے ہیں۔

181 And peace be on the apostles.
اور پیغمبروں پر سلام ہو۔

182 And all praise is due to Allah, the Lord of the worlds.
اور ثنائے کامل اس اللہ کے لیے ہے جو عالمین کا رب ہے۔

الصافات AS-SAFFAT (THOSE WHO SET THE RANKS) cont.

فَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿١٧٤﴾ وَّاَبْصِرْهُمْ فَسَوْفَ
يُبْصِرُوْنَ ﴿١٧٥﴾ اَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿١٧٦﴾ فَاِذَا نَزَلَ
بِسَاحَتِهِمْ فَسَآءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿١٧٧﴾ وَتَوَلَّ عَنْهُمْ
حَتّٰى حِيْنٍ ﴿١٧٨﴾ وَّاَبْصِرْ فَسَوْفَ يُبْصِرُوْنَ ﴿١٧٩﴾ سُبْحٰنَ
رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿١٨٠﴾ وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ۚ
﴿١٨١﴾ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٨٢﴾